## سوال

(740) عرصہ اٹھارہ سال سے طبیعت سخت خراب رہتی ہے

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عرصہ اٹھارہ سال سے طبیعت سخت خراب رہتی ہے ۔ اسی طرح اہلیہ بھی بہت زیادہ مریضہ ہے ۔ بہت سارے علاج کروائے ہیں لیکن کوئی افاقہ نہیں ہوا۔ اب لوگ کہہ رہے ہیں کہ آپ کے گھر میں جنات ہیں یا پھر جادو ہوا ہے ۔ مثلاً مجھے رات کو کئی مرتبہ سوتے میں دھبہ پڑ جاتا ہے اور پھر میں خواب کے اندر کچھ پڑھ رہا ہوتا ہوں مثلاً لاحول ولا قوۃ الا باللہ اور دوسرے وظائف جس سے وہ تکلیف کی کیفیت ختم ہو جاتی ہے ۔ ایک دو مرتبہ اس تکلیف کے وقت میرے ذکر و اذکار سے بچے بھی بیدار ہوگئے ۔ یہ معاملہ میرے ساتھ عشرہ دو عشرہ کے بعد رونما ہوتا ہے ۔ جبکہ میں تمام اذکار مسنونہ پڑھ کر سوتا ہوں ۔ اس طرح گھر میں کئی مرتبہ سورۂ بقرہ کی تلاوت بھی کورسز کی شکل میں کی ہے ۔ بعض اوقات ایک دو ماہ کے بعد ہوتا ہے ۔

۲ : . . . بیوی کو ہر رات دھبہ پڑتا ہے اور کوئی چیز جکڑلیتی ہے ، پھر وہ دکھ سے کراہ رہی ہوتی ہے تو اس کو میں اُٹھاتا ہوں پھر وہ بتاتی ہے کہ مجھے کسی چیز نے دبایا ہوا تھا ۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ ہر نماز کے بعد قرآن مجید کی آخری تین سورتیں کم از کم ایک ایک دفعہ ضرور پڑھا کریں ۔ 2 اور رات کو سوتے وقت ان تینوں سورتوں سے ہر ایک سورت کو تین تین دفعہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں میں پھونک لگائیں پھر انہیں پورے بدن پر پھیر لیں یہ عمل تین دفعہ کریں ۔ 3 ہاروت ماروت کے واقعہ کے آخر میں ابن کثیر نے جادو کا ایک علاج نقل فرمایا وہ بھی کر لیں ۔

[جناب وہب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں بیری کے سات پتے لے کر سل بٹے پر کوٹ لیے جائیں اور پانی ملا لیا جائے ، پھر آیت الکرسی پڑھ کر اس پر دم کر دیا جائے اور جس پر جادو کیا گیا ہے اسے تین گھونٹ پلا دیا جائے اور باقی پانی سے غسل کرا دیا جائے ۔ ان شاء اللہ جادو کا اثر جاتا رہے گا ۔ یہ عمل خصوصیت سے اس شخص کے لیے بہت ہی اچھا ہے جو اپنی بیوی سے روک دیا گیا ہو جادو کو دور کرنے اور اس کے اثر کو زائل کرنے کے لیے سب سے اعلیٰ چیز قُلْ اَعُوْذُبِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُبِرَبِّ النَّاسِ کی سورتیں ہیں ۔ حدیث میں ہے کہ ان جیسا کوئی تعویذ نہیں ۔ 1 اسی طرح آیت الکرسی بھی شیطان کو دفع کرنے میں اعلیٰ درجہ کی چیز ہے ۔ 2] جو اوراد و اذکار آپ پہلے کر رہے ہیں وہ جاری رکھیں ۔

2 ابوداؤد/ابواب الوتر/باب في الاستغفار۔

3 بخاری/کتاب فضائل القرآن/باب فضل المعوذات۔

۲ : . . . اپنی اہلیہ سے بھی مندرجہ بالا اوردو ذکر و علاج کروائیں ، نیز انہیں کہیں بادی چیزوں سے پرہیز کریں ، پھر انہیں گیس و ہوا خارج کرنے والی دوائیں استعمال کروائیں اور انہیں تاکید کریں کہ قبض نہ ہونے دیں ہوسکے تو سنڈھ خالص واعلیٰ لے کر اس کو خوب پس کر پھر ململ کے کپڑے میں چھان لیں اور کپڑچھان کی ہوئی سنڈھ کے ہم وزن اس میں یٹھا سوڈا ملا لیں اور شام کھانے کے بعد تقریباً پانچ گرام گرم پانی کے ساتھ انہیں کھلا دیں روزانہ نہیں وقتاً فوقتاً یہ دوائی استعمال کراتے رہیں ، آپ خود بھی استعمال کر سکتے ہیں اور آپ دونوں مندرجہ ذیل دعا بھی پڑھتے رہا کریں : (( اَللّٰھُمَّ اَکْفِنَا ھُمْ بِمَا شِئْتَ )) 3 { رَبَّنَا ھَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیاتِنَا قُرَّۃَ اَعْیُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا )) 4 ان شاء اللہ الرحمن بہت فائدہ ہوگا۔

[ ''اے اللہ تومجھے ان سے کافی ہوجا جس طرح توچاہے۔ اے ہمارے پروردگار! توہمیں ہماری بیویوں اوراولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنا۔'' ]

1 صحیح بخاری/کتاب الدعوات/باب الدعاء بکثرۃ المال والولد مع البرکۃ۔

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

**جلد02ص735**

محدث فتویٰ